بدعتی کے پیچھے نماز کا حکم

تالیف

حافظ زبیر علی زئی

مکتبۃ الحدیث

فہرست

گستاخیاں

اندھی تقلید

اہل الحدیث سے بغض

ختم نبوت پر ڈاکہ

گمراہی کی طرف اعلانیہ دعوت

انکارِ حدیث

نماز کی خلاف سنت

قرآن وحدیث کی غلط تاویلیں اور تحریفات

پیش لفظ

اسلام میں نماز کو انتہائی اہم مقام حاصل ہے جب کوئی شخص توحید و رسالت کا اقرار کر کے دائرہ اسلام میں داخل ہوتا ہے تو اس پر دن رات میں پانچ نمازیں فرض ہو جاتی ہیں، اسلام میں اس بات کا کوئی تصور بھی نہیں کہ کوئی شخص مسلم ہونے کا دعوی دار ہو اور وہ نماز ادا نہ کرتا ہو، رسول اللہ ﷺ کے زمانہ مبارک میں منافقین اپنے نفاق کو چھپانے کے لئے نماز کو با جماعت ادا کیا کرتے تھے، اسلام میں جہاں نماز کی اس قدر اہمیت ہے وہاں اسے سنتِ رسول ﷺ کے مطابق ادا کرنا بھی ضروری ہے کیونکہ خلافِ سنت کوئی عمل اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

"من عمل عملاً ليس عليه أمرنا فهو رد"

جس کسی نے ایسا عمل کیا کہ جس کا حکم ہم نے نہیں دیا اس کا وہ عمل مردود ہے۔ (صحیح مسلم ۱۷۱۸)

اسی طرح نماز بھی اس شخص کی اقتدا میں ادا کرنا ضروری ہے جو عامل بالسنہ، ہو امام کے عقائد و نظریات اور اعمال قرآن وحدیث سے متصادم ہوں تو ایسا شخص سرے سے امامت کا اہل ہی نہیں، اس مسئلہ پر تمام اہل السنہ اور اہل الحدیث (کے جمہور) علماء کا اتفاق ہے کہ اگر کوئی بدعقیدہ اور بدعتی شخص نماز پڑھا رہا ہو تو اس کی اقتداء میں نماز ادا نہیں ہوگی۔ بدعتی سے مراد جھمیہ، خارجیہ، معتزلہ، روافض، مرجئہ وغیرہ ہیں، اور جو شخص عقائد میں ان فرقوں میں سے کسی کے ساتھ موافقت رکھتا ہے تو وہ بھی انہیں میں داخل ہے۔

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے:

المرء مع من أحب

آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے (بخاری)

اوراس کے پیچھے بھی نماز کا وہی حکم ہے کہ جوان باطل فرقوں کا ہے۔

استادمحترم جناب حافظ ابوطاہر زبیرعلی زئی حفظہ اللہ تعالیٰ نے کافی محنت اورعرق ریزی سے ایسے حوالہ جات اکٹھے کئے جن سے انہوں نے ثابت کیا کہ اہل البدعۃ کی اقتداء میں نماز نہیں ہوتی، اسی طرح انہوں نے موجودہ دور کے مقلد فرقہ دیوبندیہ کے باطل عقائد ونظریات کو بھی دلائل کے ساتھ واضح کیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ ان حضرات کے عقائد اور نظریات بھی ان باطل فرقوں کی طرح ہیں بلکہ انہوں نے مختلف باطل فرقوں کے عقائد ونظریات کو اپنا (کر چوں چوں کا مربہ بنا) رکھا ہے جس کی وجہ سے تمام باطل فرقوں کے عقائد اس فرقہ کے نظریات میں شامل ہو گئے۔

موصوف نے اس موضوع پر ایک دوسری کتاب " اکاذیب آل دیوبند " کے نام سے ترتیب دے رکھی ہے جو عنقریب منظر عام پر آنے والی ہے (ان شاء اللہ) موصوف بلاشبہ موجودہ دور میں سلف کا ایک نمونہ ہیں اور قرآن وحدیث کے ساتھ ساتھ وہ عمل سلفِ صالحین پر عمل پیرا ہیں۔

اللہ تعالیٰ موصوف کو طویل عمر اور صحت کاملہ عطاء فرمائے اور تمام طرح کی اعلیٰ صلاحیتوں سے بہرہ ور فرمائے تاکہ قرآن وحدیث کی تحقیق پر جو کام انہوں نے شروع کر رکھا ہے وہ پایہ تکمیل کو پہنچ جائے۔

آمین یارب العالمین

کتبہ: ابو جابر عبداللہ دامانوی ۲۳ محرم الحرام ۱۴۲۵ھ

بسم اللہ الرحمان الرحیم

سوال: کیا دیوبندی عقیدے والے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے؟

(ذوالفقار بن ابراھیم الاثری متعلم الجامعۃ الاسلامیہ، مدینہ منورہ)

الجواب:

الحمد لله رب العالمين ، والصلوۃوالسلام على رسوله ا لأمين ،أمابعد :

دین اسلام کے ارکان خمسہ میں سے دوسرا بنیادی رکن: الصلوۃ (نماز) ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

واقيموا الصلوة وآ تو اا لزكوةواركعوا مع الراكعين

اورنماز قائم کرواور زکوۃ دواور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو (سورۃ البقرۃ:۴۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فأخبر هم أن الله قد فرض عليهم خمس صلوات في يومهم وليلتهم

پس انھیں خبر دے دو کہ بیشک اللہ نے ان پر دن رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں

(صحیح البخاری:۱۳۷۲وصحیح مسلم:۳۱/۱۹)

یہ پانچوں نمازیں با جماعت امام کے پیچھے پڑھنی چاہئیں۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی سے کہا:

هل تسمع النداء بالصلوة ؟

کیا تو نماز کی اذان سنتا ہے؟

اس آدمی نے کہا: جی ہاں، تو آپ ﷺ نے فرمایا:

﴿فأجب﴾

پس اس کا جواب دے (یعنی نماز مسجد میں امام کے ساتھ پڑھ)

(صحیح مسلم:۶۵۳وترقیم دارالسلام:۱۴۸۶)

اس حکم اور دیگر دلائل سے معلوم ہوتا ہے کہ (صحیح العقیدہ) امام کے پیچھے نماز باجماعت پڑھنا لازمی ہے اِلا یہ کہ عذر شرعی ہو۔

اگر امام صحیح العقیدہ نہ ہو، بدعتی ہو تو اس کے بارے میں مسئلہ ذرا تفصیل طلب ہے۔

بدعت کی اقسام

بدعت کی دو بڑی قسمیں ہیں۔

۱: بدعتِ صغری مثلاً تشیع المتقدمین [کتشیع عبدالرزاق بن ھمام وغیرہ]

۲: بدعت کبری [کالرفض] دیکھئے میزان الاعتدال ج ۱ ص ۳، ۵ وھدی الساري ص ۴۵۹

بدعت صغری والے کی روایت مقبول ہے بشرطیکہ وہ ثقہ وصدوق ہو۔

بدعت کبری کی دو قسمیں ہیں۔

۱: بدعت مفسقہ [کبدعة الخوارج وغیرھم]

(دیکھئے فتح الباری ج ۱۰ ص ۴۲۶ وھدی الساري ص ۳۸۵)

۲: بدعت مکفرہ [کبدعة الجهمية وغيرهم]

اگر بدعت مکفرہ ہو تو ایسے شخص کی روایت مردود ہوتی ہے۔

(دیکھئے اختصار علوم الحدیث لابن کثیر ص ۸۳ نوع: ۲۳)

محدث سلام بن ابی مطیع رحمہ اللہ کا فتوی:

مشہور ثقہ محدث سلام بن ابی مطیع رحمہ اللہ نے فرمایا:

" الجهمية كفار لا يصلى خلفهم "

جہمیہ کفار ہیں۔ اُن کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے

(مسائل احمد روایۃ ابی داود ص ۲۶۸، السنۃ لعبداللہ بن احمد: ۹، شرح السنۃ للالکائي ج ۲ ص ۳۲۱ ح ۵۱۷)

اس روایت کی سند صحیح ہے۔ زہیر بن نعیم البابی کو عبداللہ بن احمد بن حنبل اور ابن حبان (الثقات ۸/۲۵۶) نے

ثقہ قرار دیا ہے۔ والحمدللہ

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کا فتوی:

امام اہلِ سنت احمد بن حنبل رحمہ اللہ سے اہل البدع کے پیچھے نماز پڑھنے کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا:

" لایصلی خلفهم مثل الجهمية والمعتزلة "

جہمیہ اور معتزلہ جیسوں کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے

(کتاب السنۃ لعبداللہ بن أحمد بن حنبل ج ۱ ص ۱۰۳ فقرہ: ۶)

صالح بن احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ: " **قلت : من خاف أن يصلي خلف من لا يعرف ؟ قال : يصلي فإن تبين له أنه صاحب بدعة أعاد** " (مسائل صالح: ۴۵۲ ص ۱۱۹)

میں نے (امام احمد سے) کہا: جسے یہ خوف ہو کہ وہ اس شخص کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہے جسے وہ جانتا نہیں؟ تو (امام احمد نے) فرمایا: وہ، نماز پڑھ لے۔ پھر اگر اسے معلوم ہو جائے کہ وہ (امام) بدعتی ہے تو (اپنی نماز کا) اعادہ کر لے۔

امام وکیع بن الجراح رحمہ اللہ کا فتوی:

امام وکیع بن الجراح رحمہ اللہ نے فرمایا:

" لایصلی خلفهم "

ان (جہمیہ) کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے

(السنۃ لعبداللہ بن احمد ۱/۱۱۵ فقرہ: ۳۳ وسندہ صحیح)

امام یزید بن ھارون رحمہ اللہ کا فتوی:

محدث یزید بن ھارون رحمہ اللہ سے جہمیہ کے پیچھے نماز پڑھنے کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا:

﴿ لا ﴾

یعنی ان کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے

پوچھا گیا کہ کیا مرجئہ کے پیچھے نماز پڑھی جائے؟ تو انھوں نے فرمایا:

" إنهم لخبثاء"

بے شک وہ خبیث ہیں

(السنۃ ۱/۱۲۳ فقرہ: ۵۵ وسندہ صحیح)

امام بخاری رحمہ اللہ کا فتوی:

امیر المؤمنین فی الحدیث امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا:

"ما أبالي صليت خلف الجهمي والرافضي أم صليت خلف اليهود والنصارى ---"

مجھے پرواہ نہیں ہے کہ جہمی ورافضی کے پیچھے نماز پڑھوں یا یہود ونصاری کے پیچھے نماز پڑھوں؟

(خلق افعال العباد ص ۲۲ فقرہ: ۵۳)

یعنی جس طرح یہود ونصاری کے پیچھے نماز پڑھنے کا کوئی مسلم (مسلمان) قائل نہیں اسی طرح جہمی اور رافضی کے پیچھے بھی نماز نہیں ہوگی۔

امام زہیر بن البابی رحمہ اللہ کا فتوی:

زہیر بن البابی نے کہا:

" إذا تيقنت أنه جهمي أعدت الصلوة خلفه الجمعة وغيرها "

اگر تجھے یقین ہو جائے کہ وہ (امام) جہمی ہے تو اس کے پیچھے جمعہ وغیرہ کی نماز کا اعادہ کرلے (یعنی دوبارہ نماز پڑھ)

(السنۃ ۱/۱۲۹ فقرہ: ۷۳ وسندہ صحیح)

امام ابوعبید القاسم بن سلام اور امام یحیی بن معین رحمہما اللہ کا فتوی:

ابوعبید القاسم بن سلام اور یحی بن معین، دونوں: بدعتی کے پیچھے پڑھی ہوئی نماز دہرانے کے قائل تھے۔ (دیکھئے السنۃ ۱/۱۳۰ افقرہ ۷۵ سندہ صحیح ،فقرہ:۷۶ سندہ صحیح)

ائمہ اہل سنت کے ان اقوال سے معلوم ہوا کہ جس شخص کی بدعت شدید اور خطرناک ہو تو اس کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے۔اسی پر اہل سنت کا اجماع ہے۔

امام قوام السنہ رحمہ اللہ کا فتوی:

قال قوام السنة إسماعيل بن محمد بن الفضل الأصبهانی (متوفی ۵۳۵ھ): "وأصحاب الحديث لايرون الصلوة خلف أهل البدع لئلا يراه العامة فيفسدون بذلك"

(الحجة فی بیان المحجة وشرح عقیدة أهل السنة ۲/۵۰۸)

یعنی امام قوام السنہ اسماعیل بن محمد بن فضل الاصبہانی رحمہ اللہ نے کہا کہ:

"اور محدثین کرام اہل بدعت کے پیچھے نماز پڑھنے کے قائل نہیں ہیں تاکہ عوام الناس گمراہ نہ ہو جائیں،،

بدعتی کے بارے میں فرمانِ رسول اللہ ﷺ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

﴿من وقر صاحب بدعة فقد أعان على هدم الاسلام﴾

جس نے بدعتی کی عزت کی تو اس نے اسلام کے گرانے میں مدد کی

(کتاب الشریعہ للآجری ص ۹۶۲ ح ۲۰۴۰)

اس روایت کی سند صحیح ہے۔امام ابوبکر محمد بن الحسین الآجری کے استاد العباس بن یوسف الشکلی کے بارے میں حافظ ذھبی اور حافظ الصفدی نے کہا:

﴿وهو مقبول الرواية﴾

اوراس کی روایت مقبول ہے

(تاریخ الاسلام للذھبی ج ۲۳ص ۴۷۹ والوافی بالوفیات ج ۱۶ص ۳۷۳، توفی سنۃ ۳۱۴ھ)

اللہ اوراس کے رسول ﷺ کواذیت دینے والا؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی طرف تھوکنے سے منع فرمایا ہے۔

دیکھئے صحیح البخاری (۱۲۱۳) وصحیح مسلم (۵۴۷)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ ایک امام نے قبلہ کی طرف تھوکا ہے تو فرمایا:

﴿ لایصلی لکم ﴾

یہ تمہیں نماز نہ پڑھائے

(سنن ابی داود: ۴۸۱ وسندہ حسن وصحہ ابن حبان، الموارد: ۳۳۴)

اس روایت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں کہ:

﴿ وحسبت أنه قال :إنك آذيت الله ورسوله ﴾

اور میرا خیال ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے اللہ اوراس کے رسول کو تکلیف دی ہے۔

معلوم ہوا کہ اللہ اور رسول کو تکلیف دینے والے کو امام نہیں بنانا چاہیئے۔

ابن عمر رضی اللہ عنہما کی / بدعت اور بدعتی سے بیزاری:

مجاھد (بن جبر) تابعی شہیر فرماتے ہیں کہ:" میں ابن عمر (رضی اللہ عنہما) کے ساتھ تھا کہ ایک شخص نے ظہر یا عصر کی اذان میں تثویب کہہ دی (یعنی الصلوۃ خیر من النوم پڑھا) تو ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ:

﴿ اخرج بنا ،فان هذه بدعة ﴾

ہمیں یہاں سے نکال لے جاؤ، کیونکہ بے شک یہ (مؤذن کا ظہر وعصر میں الصلوۃ خیر من النوم کہنا) بدعت ہے (سنن ابی داود: ۵۳۸ وھو حدیث حسن)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک بدعتی کے سلام کا جواب نہیں دیا تھا۔

(دیکھئے سنن الترمذی: ۲۱۵۲ وقال: ھذا حدیث حسن صحیح غریب)

جو لوگ لا قدر (وغیرہ) کہہ کر تقدیر کا انکار کرتے ہیں ان کے بارے میں سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اعلان فرمایا:

فاخبر هم أني بريئ منهم وأنهم براء مني

انہیں کہہ دو کہ میں ان سے بری (بیزار) ہوں اور وہ مجھ سے بری ہیں (صحیح مسلم: ۸)

دیوبندیوں کے چند خطرناک عقائد:

اہل بدعت کے بارے میں منہج اہل سنت کی اس وضاحت کے بعد عرض ہے کہ ہندوستان کا ایک شہر دیوبند ہے جس کی نسبت تین قسم کے لوگوں سے ہے۔

۱۔ دیوبند کا رہنے والا، چاہے ہندو ہو یا مسلمان

۲۔ مدرسہ دیوبند کا پڑھا ہوا یا فارغ التحصیل شخص

۳۔ علماء دیوبند کا ہم عقیدہ و ہم مسلک شخص

اول الذکر ہماری اس بحث سے خارج ہے، ثانی الذکر اگر علمائے دیوبند کا ہم عقیدہ و ہم مسلک نہیں ہے تو وہ بھی اس بحث سے خارج ہے، اور اگر ہم عقیدہ ہے تو اس کا وہی حکم ہے جو ثالث الذکر کا حکم ہے۔

ثالث الذکر کے بارے میں واضح ہے کہ **المرمع من أحب** کی رُو سے اس کا اور علمائے دیوبند کا ایک ہی حکم ہے

علمائے دیوبند کے چند خطرناک عقائد بالاختصار پیش خدمت ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ دیوبند کی بدعت انتہائی شدید اور خطرناک ہے۔

۱: عقیدہ وحدت الوجود

حاجی امداد اللہ ''مہاجر مکی'' نے کہا ہے کہ:

’’نکتہ شناسا مسئلہ وحدت الوجود حق وصحیح ہے، اس مسئلہ میں کوئی شک وشبہہ نہیں ہے۔فقیر ومشائخ فقیر اور جن لوگوں نے فقیر سے بیعت کی ہے سب کا اعتقاد یہی ہے مولوی محمد قاسم صاحب مرحوم ومولوی رشید احمد صاحب ومولوی محمد یعقوب صاحب، مولوی احمد حسن صاحب وغیرہم فقیر کے عزیز ہیں اور فقیر سے تعلق رکھتے ہیں کبھی خلاف اعتقادات فقیر وخلاف مشرب مشائخ طریق خود مسلک اختیار نہ کریں گے ‘‘۔ (شمائم امدادیہ ص۳۲ وکلیات امدادیہ ص ۲۱۸)

وحدت الوجوہ کا مطلب یہ ہے کہ:

’’تمام موجودات کو اللہ تعالیٰ کا وجود خیال کرنا۔اور وجود ماسوی کو محض اعتباری سمجھنا ۔جیسے قطرہ حباب، موج اور قعر وغیرہ سب کو پانی معلوم کرنا ‘‘ (حسن اللغات فارسی اردو ص ۹۴۱)

’’صوفیوں کی اصطلاح میں تمام موجودات کو خدا تعالیٰ کا وجود ماننا اور ماسوا کے وجود کو محض اعتباری سمجھنا۔‘‘ (علمی اردو لغت، تصنیف وارث سرہندی ص ۱۵۵۱)

حاجی امداد اللہ صاحب کے بارے میں اشرف علی تھانوی فرماتے ہیں کہ:

’’حضرت صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وہی عقائد ہیں جو اہل حق کے ہیں ‘‘

(امداد الفتاوی ج۵ ص۲۷۰)

قاری طیب دیوبندی، مہتمم ’’دار العلوم دیوبند‘‘ نے کہا:

’’حضرت حاجی امداد اللہ قدس سرہ، جو گویا پوری اس جماعت دیوبند کے شیخ طائفہ ہیں‘‘

(خطبات حکیم الاسلام ج۷ ص۲۰۶)

حاجی امداد اللہ صاحب لکھتے ہیں کہ:

’’ اس مرتبہ میں خدا کا خلیفہ ہو کر لوگوں کو اس تک پہونچاتا ہے اور ظاہر میں بندہ اور باطن میں خدا ہو جاتا ہے اس مقام کو برزخ البرازخ کہتے ہیں‘‘ (کلیات امدادیہ/ ضیاء القلوب ص۳۵،۳۶)

حاجی صاحب مزید لکھتے ہیں کہ: ’’ اور اس کے بعد اس کو ہو ہُو کے ذکر میں اس قدر منہمک ہو جانا چاہیئے کہ خود مذکور یعنی (اللہ) ہو جائے ‘‘

(کلیات امدادیہ ص ۱۸)

سکینگ صفحہ نمبر ۱۸

رشید احمد گنگوہی نے اللہ تعالیٰ کو مخاطب ہوتے ہوئے لکھا کہ:

''یا اللہ معاف فرمانا کہ حضرت کے ارشاد سے تحریر ہوا ہے۔ جھوٹا ہوں کچھ نہیں ہوں۔ تیرا ہی ظل ہے۔ تیرا ہی وجود ہے، میں کیا ہوں، کچھ نہیں ہوں اور جو میں ہوں وہ تو ہے اور میں اور تو خود شرک درشرک ہے۔ استغفر اللہ....'' (مکاتیب رشیدیہ ص ۱۰ وفضائل صدقات حصہ دوم ص ۵۵۶)

ضامن علی جلال آبادی نے ایک زانیہ عورت کو کہا:

''بی تم شرماتی کیوں ہو؟ کرنے والا کون اور کرانے والا کون؟ وہ تو وہی ہے''

(تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۲۴۲)

اس ضامن علی کے بارے میں رشید احمد گنگوہی نے مسکرا کر ارشاد فرمایا:

''ضامن علی جلال آبادی تو توحید ہی میں غرق تھے'' (ایضاً ص ۲۴۲)

خلاصہ یہ ہے کہ دیوبندی حضرات اس وحدت الوجود کے قائل ہیں جس میں خالق ومخلوق، عابد و معبود، اور خدا و بندے کے درمیان فرق مٹا دیا جاتا ہے. اس باطل عقیدے کے ابطال کے لیئے دیکھئے شیخ الاسلام ابن تیمیہ کی کتاب ''ابطال وحدت الوجود والرد علی القائلین بھا'' طبع لجنۃالبحث العلمي ،الکویت

(۲) شرکیہ عقائد

حاجی امداد اللہ صاحب اپنے پیر نور محمد جھنجھانوی صاحب کے بارے میں ''فرماتے'' ہیں کہ:

''آسرا دنیا میں ہے از بس تمہاری ذات کا
تم سوا اوروں سے ہرگز کچھ نہیں ہے التجا
بلکہ دن محشر کے بھی جس وقت قاضی ہو خدا
آپ کا دامن پکڑ کر یہ کہوں گا برملا
اے شہ نور محمد وقت ہے امداد کا''

(شمائم امدادیہ ص۸۳،۸۴ امدادالمشتاق، فقرہ:۲۸۸)

حاجی صاحب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں لکھا ہے کہ:

''یارسول کبریا فریاد ہے یا محمدؐ مصطفیٰ فریاد ہے
آپ کی امداد ہو میرا یا نبیؐ حال ابتر ہوا فریاد ہے
سخت مشکل میں پھنسا ہوں آج کل
اے میرے مشکل کشا [۱] فریاد ہے''

(کلیاتِ امدادیہ ص۹۰،۹۱)

سکیننگ صفحہ نمبر، ۹۰، ۹۱،

---

(۱) اس قسم کے نصوص دیوبندیہ پر تبصرہ کرتے ہوئے مفتی محمد حنیف خالد دیوبندی صاحب مخلوق کے لیئے مشکل کشا کا لفظ جائز قرار دینے کے لیئے لکھتے ہیں کہ: ''اللہ تعالیٰ دنیا میں اپنے بندوں کی مختلف اسباب کے ذریعے مدد کرتا ہے۔ کیونکہ دنیا دارالاسباب ہے۔ یہاں اسباب کو اختیار کیئے بغیر عام طور پر کوئی کام نہیں ہوسکتا۔ اب جس سبب کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے مدد کی ہے یا کوئی مشکل حل کی ہے، اصل مددگار اور مشکل حل کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے مگر محض آلہ اور واسطہ کے درجے میں اس سبب کو بھی مددگار اور مشکل حل کرنے والا کہہ دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ آج کل کے محاورے میں بھی ایسا کہہ دیا جاتا ہے کہ فلاں شخص ہمارا بڑا ہی حمایتی اور مددگار ہے، فلاں شخص نے ہمارا فلاں مشکل مسئلہ حل کرادیا ہے، یہاں یہ کہنے والا شخص یقینی طور پر اصل اور ذات کے اعتبار سے تو حمایتی، مددگار اور مشکل حل کرنے والا اللہ تعالیٰ کو ہی سمجھتا ہے مگر صرف اسباب کے درجے میں اس شخص کو بھی حمایتی، مددگار اور مشکل حل کرنے والا کہہ دیتا ہے، شرعاً اس طرح کہنا کوئی ناجائز یا شرک وکفر نہیں

اشرف علی تھانوی دیوبندی صاحب فرماتے ہیں کہ:

سکیننگ صفحہ نمبر ۱۹۴

(نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ص۱۹۴ طبع تاج کمپنی لاہور، کراچی)

زکریا کاندھلوی تبلیغی دیوبندی صاحب لکھتے ہیں کہ محمد بن عبداللہ: صاحب قرآن (ﷺ) نے ایک شخص کو فرمایا:

''یہ تیرا باپ بڑا گناہ گار تھا لیکن مجھ پر کثرت سے درود بھیجتا تھا۔ جب اس پر یہ مصیبت نازل ہوئی تو اس کی فریاد کو پہنچا اور میں ہر اُس شخص کی فریاد کو پہنچتا ہوں جو مجھ پر کثرت سے درود بھیجے''

(تبلیغی نصاب ص۷۹۱ فضائل درود ص۱۱۳)

(۳) جہمیہ اور مرجئہ کی موافقت

اشرف علی تھانوی صاحب نے فرقہ جہمیہ کے بارے میں لکھا ہے کہ:

ہے بلکہ جائز ہے''(فتوی ۹/ ذوالحجہ۱۴۲۲ھ، ص ا غیر مطبوعہ)

بعینہ یہی عقیدہ بریلویوں کا ہے۔ محمد یوسف لدھیانوی دیوبندی لکھتے ہیں کہ'': لیکن دیوبندی بریلوی اختلاف کی کوئی بنیاد میرے علم میں نہیں ہے ''(اختلافِ امت اور صراط مستقیم ج۱ ص۳۸)

''اور جہمیہ [1] جو ایک فرقہ اسلامیہ ہے وہ ان سب امور میں تاویل کرتے ہیں ۔مثلاً ید اللہ فوق ایدیھم میں ید سے مراد قوت کہتے ہیں ۔اور متاخرین نے ان مبتدعین کے مذہب کو اختیار کیا ہے ایک خاص ضرورت سے اور وہ یہ ہے کہ نصاری کے ساتھ مشابہت ہوتی ہے..''

(تقریر ترمذی للتھانوی ص۲۰۳،۲۰۴)

خلیل احمد سہارنپوری دیوبندی صاحب آیاتِ صفات کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

''اس قسم کی آیات میں ہمارا مذہب یہ ہے کہ ان پر ایمان لاتے ہیں اور کیفیت سے بحث نہیں کرتے ، یقیناً جانتے ہیں کہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ مخلوق کے اوصاف سے منزہ اور نقص وحدوث کی علامات سے مبرا ہے جیسا کہ ہمارے متقدمین کی رائے ہے اور ہمارے متاخرین اماموں نے ان آیات میں جو صحیح اور لغت وشرع کے اعتبار سے جائز تاویلیں فرمائی ہیں تا کہ کم فہم سمجھ لیں مثلاً یہ کہ ممکن ہے استواء سے مراد غلبہ ہو اور ہاتھ سے مراد قدرت تو یہ بھی ہمارے نزدیک حق ہے ''

(المھند ص۴۲ جواب سوال:۱۳،۱۴)

معلوم ہوا کہ دیوبندیوں نے جہمیہ کا مذہب اختیار کیا ہے۔امام ابوحنیفہ سے مروی ہے کہ:

ولا يقال إن يده قدرته أو نعمتهلا ن فيه ابطال الصفة وهو قولاهل القدر والا عتزال ولكن يده صفته بلا كيف

اور یہ نہیں کہا جاتا کہ اس کے ہاتھ سے مراد قدرت یا نعمت ہے

کیونکہ اس میں صفت کا ابطال ہے اور یہ قول قدریوں اور معتزلہ کا ہے۔لیکن اس کا ہاتھ اس کی صفت ہے بغیر کیفیت کے (الفقہ الاکبر مع شرح القاری ص۳۶،۳۷)

---

(۱) یہ فرقہ جہم بن صفوان کی طرف منسوب ہے.حافظ ذھبی رحمہ اللہ جہم بن صفوان کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:''وكان ينكر الصفات وينزه الباري عنها بزعمه ويقول بخلق القرآن ويقول :إن الله فی الأمكنة كلها ''
وہ صفات کا انکار کرتا تھا اور اپنے زعم میں باری تعالیٰ کو ان سے منزہ قرار دیتا تھا خلق قرآن کا قائل تھا اور کہتا تھا کہ اللہ ہر جگہ میں موجود ہے (سیر اعلام النبلاء ۶/ ۲۶،۲۷)

مرجیئہ کی طرح دیوبندی حضرات :ایمان میں زیادتی اور نقص کے بھی قائل نہیں ہیں اُن کے نزدیک ایمان فقط تصدیق قلب کا نام ہے دیکھئے حقانی عقائدالاسلام ص ۱۲۳ تصنیف عبدالحق حقانی وپسند فرمودہ محمد قاسم نانوتوی صاحب۔

مفتی محمد حسن گنگوہی دیوبندی لکھتے ہیں کہ:

''خدا ہر جگہ موجود ہے،، (ملفوظات فقیہ الامت ج۲ص۱۴)

اپنے اس باطل عقیدے پر مفتی مذکور نے جھوٹ بولتے ہوئے لکھا ہے کہ:

''ابن جوزی سے کسی نے پوچھا کہ خدا کہاں ہے تو فرمایا کہ ہر جگہ ہے '' (ایضاً ص۱۴)

اس کذب وافتراء کے سراسر برعکس حافظ ابن الجوزی نے جہمیہ کے فرقہ ملتزمہ کے بارے میں لکھا ہے کہ:

والملتزمة جعلوا الباري سبحانه وتعا لیٰ فی کل مکان

ملتزمہ نے باری سبحانہ وتعالیٰ کو ہر جگہ (موجود) قرار دیا ہے

(تلبیس ابلیس ص ۳۰ اقسام أھل البدع)

(۴) اکابر پرستی اور غلو

دیوبندی حضرات اپنے اکابر کے بارے میں سخت غلو کرتے ہیں۔مولوی محمد الیاس دیوبندی، بانی جماعت تبلیغ کی نانی کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

''جس وقت انتقال ہوا تو ان کپڑوں میں کہ جن میں آپ کا پاخانہ لگ گیا تھا عجیب وغریب مہک تھی کہ آج تک کسی نے ایسی خوشبو نہیں سونگھی ''

(تذکرۃ مشائخ دیوبند، حاشیہ ص ۹۶، تصنیف مفتی عزیز الرحمٰن)

اس ٹٹی کے بارے میں عاشق الٰہی دیوبندی میرٹھی نے لکھا ہے کہ:

'' پوتڑے نکالے گئے جو نیچے رکھ دئے جاتے تھے تو ان میں بدبو کی جگہ خوشبو اور ایسی نرالی مہک پھوٹتی تھی کہ ایک دوسرے کو سنگھاتا اور ہر مرد اور عورت تعجب کرتا تھا چنانچہ بغیر دھلوائے اُن کو تبرک

بنا کر رکھ دیا گیا (تذکرۃ الخلیل ص ۹۶،۹۷)

پاخانہ کو دیوبندیوں کا تبرک بنا کر رکھنا تو آپ نے پڑھ لیا اب زکریا تبلیغی صاحب کا قول پڑھئے:

''لیکن مجھ جیسے کم علم کے لیئے تو سب اہل حق معتمد علماء کا قول حجت ہے ''

(کتب فضائل پر اشکالات اور اُن کے جوابات ص ۱۳۴)

اہلِ حق سے، ان کے نزدیک مراد علماءِ دیو بند ہیں۔ اشرف علی تھانوی صاحب فرماتے ہیں کہ:

''اور دلیلِ نہی ہم مقلدوں کے لیئے تو فقہاء کا فتوی ہے اور فقہاء کی دلیل تفتیش کرنے کا ہم کو حق حاصل نہیں'' (امداد الفتاوی ج ۵ ص ۳۱۳،۳۱۴)

(۵) گستاخیاں

☆ ماسٹر امین اوکاڑوی دیو بندی [1] ایک صحیح حدیث کا مذاق اُڑاتے ہوئے لکھتا ہے کہ:

''لیکن آپؐ نماز پڑھتے رہے اور کُتیا سامنے کھیلتی رہی، اور ساتھ گدھی بھی تھی، دونوں کی شرمگاہوں پر بھی نظر پڑتی رہی'' (مجموعہ رسائل ج ۳ ص ۳۵۰ طبع ستمبر ۱۹۹۴ء)

میں نے جب اپنے طویل خط ''امین اوکاڑی کا تعاقب'' میں عبارت مِذکورہ کا حوالہ دیا تو اوکاڑوی نے اعتراض کی عبارت بدل کر اسے کاتب کی غلطی قرار دیا دیکھئے ماھنامہ الخیر ملتان ج ۱۸ شمارہ ۴ ص ۴۱، جولائی ۲۰۰۰ء ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ حالانکہ عبارت مِذکورہ کاتب کی غلطی نہیں ہے بلکہ امین اوکاڑوی کی کتاب ''غیر مقلدین کی غیر مستند نماز '' ص ۴۳ فقرہ :۱۹۸ مطبوعہ :المدنی دارالکتب سرے گھاٹ۔

حیدر آباد اور ''تجلیات صفدر'' ج ۵ ص ۴۸۸ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،، از نعیم احمد دیوبندی ملتانی استاذ جامعہ خیر المدارس ملتان، میں بھی موجود ہے۔ تجلیات صفدر ج ا ص ۲۹ پر محمد نعیم ملتانی کے

....

(۱) دیوبندیوں کی معتبر کتاب ''علمی مجالس''، میں لکھا ہوا ہے کہ سعودی عرب کے مفتی اعظم شیخ الاسلام عبدالعزیز بن باز رحمہ اللہ نے ایک شخص کو اپنی مجلس سے نکال دیا تھا جس کے بارے میں انہیں یقین ہو گیا تھا کہ امین اوکاڑوی کا شاگرد ہے (دیکھئے ص ۲۶۱)

لئے اشاعت کا اجازت نامہ از حکم محمد امین اوکاڑوی ،۲۰ جمادی الثانی ۱۴۲۱ھ موجود ہے۔
لہذا معلوم ہوا کہ اوکاڑوی صاحب کا اسے کاتب کی غلطی قرار دینا خود اُنکے قلم سے منسوخ اور غلط ہے۔
☆ ابو بلال محمد اسماعیل جھنگوی دیو بندی نے لکھا ہے کہ:
'' نماز میں اقعاء خود رسول پاک ﷺ سے ثابت ہے (ترمذی ج ا ص ۳۸ ،ابو داود جلد ا ص ۱۲۳) لیکن (مسلم شریف ج ا ص ۱۹۵) پر اسے عقبۃ الشیطان کہا گیا ہے۔ ......دیکھیں اپنے کئے ہوئے فعل کو شیطان کہا جار ہا ہے'' (تحفہ اہل حدیث (۲) ص ۱۲۱)
حالانکہ جس اقعاء کو عقبہ شیطان کہا گیا ہے وہ اقعاء رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہیں ۔رسول اللہ ﷺ سے جو اقعاء ثابت ہے وہ دوسرا اقعاء ہے .عقبۃ الشیطان والا اقعاء قطعاً نہیں ہے ۔دیکھئے محولہ کتابوں کی شروح ،لہذا جھنگوی کا قول مذکور ،رسول اللہ ﷺ کی گستاخی ہے۔
☆ نبی ﷺ بعض اوقات سری نمازوں میں ایک دو آیتیں جہراً پڑھ دیتے تھے اس کے بارے میں اشرف علی تھانوی صاحب لکھتے ہیں کہ:
''اور میرے نزدیک اصل وجہ یہ ہے کہ آپ پر ذوق کی حالت غالب ہوئی تھی جس میں یہ جہر واقع ہو جاتا تھا اور جب کہ آدمی پر غلبہ ہوتا ہے تو پھر اس کو خبر نہیں رہتی کہ کیا کر رہا ہے''
(تقریر ترمذی ص ۱۱۷)
یہ چند حوالے بطور نمونہ لکھے گئے ہیں ورنہ دیو بندیوں کی گستاخیاں بہت زیادہ ہیں۔
☆ حسین احمد ٹانڈوی مدنی نے کہا:
''اس کو عبادہ بن الصامت معنعناً ذکر کرتے ہیں حالانکہ یہ مدلس ہیں اور مدلس کا عنعنہ معتبر نہیں''
(توضیح الترمذی ج ا ص ۴۳۶)
مزید لکھتے ہیں:
''کیونکہ بعض کے راوی عبادہ ہیں جو کہ مدلس ہیں'' (ایضاً ص ۴۳۷)
صحابی رسول ﷺ کو مدلس قرار دینا بہت بڑی گستاخی ہے۔

تنبیہ: امام شعبہ سے یہ قول بالکل ثابت نہیں ہے کہ ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ مدلس تھے۔

☆ شیخ الاسلام محمد بن عبدالوھاب رحمہ اللہ کے بارے میں حسین احمد مدنی نے لکھا ہے کہ:

''الحاصل وہ ایک ظالم و باغی خونخوار فاسق شخص تھا'' (الشھاب الثاقب ص ۴۲)

حسین احمد مدنی کے خلیفہ قاضی زاھد الحسینی دیوبندی لکھتے ہیں کہ:

''پاکستان میں بعض لوگوں نے یہ مشہور کر دیا تھا کہ حضرت مدنی نور اللہ مرقدہ نے بعد میں ان عقائد میں ترمیم فرمادی یا رجوع کر لیا تھا، حالانکہ یہ بات بالکل غلط اور اہل بدعت کی طرح افتراء ہے، حضرت کے یہی عقائد آخر تک تھے'' (چراغ محمد ص ۹۰، ۹۱)

مزید تفصیل کے لیئے دیکھئے میری کتاب ''اکاذیب آلِ دیوبند''

☆ زکریا کاندھلوی تبلیغی نے محدثین کرام کے بارے میں لکھا ہے کہ:

''ان محدثین کا ظلم سنو!'' (تقریر بخاری ج ۳ ص ۱۰۴)

(۶) اندھی تقلید

تقلید کا مطلب یہ ہے کہ:

''بے سوچے سمجھے یا بے دلیل پیروی، نقل، سپردگی''

''بلا دلیل پیروی کرنا، آنکھ بند کر کے کسی کے پیچھے چلنا، کسی کی نقل اُتارنا'' (القاموس الوحید ۱۳۴۶)

اشرف علی تھانوی صاحب کہتے ہیں کہ:

''تقلید کہتے ہیں اُمتی کا قول ماننا بلا دلیل ....اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا حکم ماننا تقلید نہ کہلائیگا وہ اتباع کہلاتا ہے'' (الافاضات الیومیہ ج ۳ ص ۱۵۹ ملفوظ: ۲۲۸)

اس تعریف کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مفتی رشید احمد صاحب لدھیانوی کا بیان سُن لیں:

'' معہذا ہمارا فتوی اور عمل قولِ امام رحمہ اللہ تعالیٰ کے مطابق ہی رہے گا۔ اس لئے کہ ہم امام رحمہ اللہ تعالیٰ کے مقلد ہیں اور مقلد کے لیئے قول امام حجت ہوتا ہے نہ کہ ادلۂ اربعہ کہ ان سے استدلال وظیفۂ مجتہد ہے'' (ارشاد القاری ص ۴۱۲)

یعنی دیوبندیوں کے نزدیک قرآن، حدیث، اجماع اور اجتہاد سے حجت پکڑنا جائز نہیں ہے۔ انور شاہ کشمیری صاحب نے ایک قوی حدیث کا جواب سوچنے کے لئے دس سال سے زیادہ کا عرصہ لگا دیا۔

(دیکھئے فیض الباری ج ۲ ص ۳۷۵، العرف الشذی ج ۱ ص ۱۰۷، معارف السنن ج ۴ ص ۲۶۴ درس ترمذی ج ۲ ص ۲۲۴)

محمود الحسن دیوبندی صاحب نے صاف اعلان کیا کہ:

''آپ ہم سے وجوبِ تقلید کی دلیل کے طالب ہیں۔ ہم آپ سے وجوب اتباعِ محمدی ﷺ و وجوب اتباع قرآنی کی سند کے طالب ہیں'' (ادلہ کاملہ ص ۷۸)

شیخ مقبل بن ہادی الیمنی رحمہ اللہ نے کہا:

"التقليد حرام ،لايجوز لمسلم أن يقلد في دين الله......"

(تحفة المجيب على أسئلة الحاضر والغريب ص ۲۰۵)

تقلید حرام ہے، کسی مسلمان کیلئے جائز نہیں ہے کہ اللہ کے دین میں تقلید کرے۔

اور کہا:

"فالتقليد لايجوز والذين يبيحون تقليد العامي للعالم نقول لهم :أين الدليل ؟"

(أیضاً ص ۲۶)

یعنی تقلید جائز نہیں ہے اور جو لوگ عامی (جاہل) کیلئے تقلید جائز قرار دیتے ہیں ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ (اس کی) دلیل کیا ہے؟ اور کہا:

" نصيحتي لطلبة العلم :الابتعاد عن التقليد ،قال الله سبحانه وتعالى : لاتقف ما ليس لك به علم

(غارۃ الاشرطۃ علی أھل الجھل والسفسطۃ ص ۱۱، ۱۲)

میری طالب علموں کے لئے یہ نصیحت ہے کہ وہ تقلید سے دور رہیں اللہ تعالی نے فرمایا: اور جس کا تجھے علم نہ ہو اس کے پیچھے نہ چل۔

(۷) اہل حدیث سے بغض

دیوبندی حضرات اہل حدیث سے سخت بغض رکھتے ہیں۔ اشرف علی تھانوی صاحب اہلِ حدیث

کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

''اس لئے احتیاط یہی ہے کہ اُن کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے'' (امدادالفتاوی ج ا ص ۲۴۹)

اور اگر کوئی شخص اہلِ حدیث کے پیچھے نماز پڑھ لے تو اس کے لیئے تھانوی فتوی درج ذیل ہے:

'نماز حسبِ قواعد فقہیہ صحیح ہوگئی مگر احتیاط اعادہ میں ہے'' (امدادالفتاوی ج ا ص ۲۵۳)

اہلِ سنت کے ایک ثقہ امام احمد بن سنان الواسطی رحمہ اللہ (متوفی ۲۵۹ ھ) نے اہلِ بدعت کی یہ (بڑی) نشانی بیان فرمائی ہے کہ وہ اہل الحدیث سے بغض کرتے ہیں۔

(دیکھئے معرفۃ علوم الحدیث للحاکم النیسابوری ص ۴ وعقیدۃ السلف للصابونی ص ۱۰۲ وسندہ صحیح)

حال ہی میں دیوبندیوں نے بٹگرام ،صوبہ سرحد، پاکستان میں ایک (سلفی) اہل حدیث مسجد شہید کردی ہے، اس المناک سانحے پر حضرو کے دیوبندی حضرات خوشی مناتے ہوئے بیان جاری کرتے ہیں کہ:

'' بٹگرام کی فضا کوخراب کرنے والے شر پسند ہیں۔سرحد حکومت ایسے لوگوں کے خلاف کاروائی کرے۔ایک حجرے کو عبادت گاہ کا درجہ دے کر علاقے کی فضا کوفرقہ واریت سے لبریز کرنا سازش ہے۔۔۔کچھ لوگ بیرونی امداد اور اشاروں پر وہاں فرقہ واریت پھیلانا چاہتے ہیں اور غیر مقلدیت کے نام سے نئے فرقے کی بنیاد ڈالی جارہی ہے...'' قاری عبدالرحمٰن ،مولوی عبدالسلام مولوی رشید احمد،مولوی فضل واحد،قاری چن محمد،مولوی عبدالخالق، وغیرھم دیکھئے روزنامہ اسلام راولپنڈی ج اشمارہ ۲۱۹ '۱۳ ذی الحجۃ ۱۴۲۴ھ بمطابق ۵ فروری ۲۰۰۴ء

اخبار کا حوالہ

اہل حدیث سے دیو بندیوں کا بُغض کسی حوالے کا محتاج نہیں ہے ۔مداہنت والی پالیسی رکھنے والوں کو چاہئے کہ عصر حاضر میں ماسٹر امین اوکاڑوی ،ابوبکر غازیپوری ،حبیب اللہ ڈیروی وغیرہم جیسے دیو بندیوں کی کتابیں دیکھیں جو کہ عام مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔کسی ایک کتاب کا مطالعہ کر کے دیکھ لیں، دیو بندیوں کے اسلاف نے اہل حدیث کے خلاف ''نظم المساجد باخراج الوھابیین من المساجد'' نامی رسالہ لکھ کر اہل حدیث کو مسجدوں میں نمازیں پڑھنے سے منع کر دیا تھا۔واللہ من ورائھم محیط۔یہ کتاب ''نظم المساجد'' مطبوع ومتداول ہے

تنبیہ:

اہل الحدیث سے بغض اور کتاب وسنت میں تحریفات کرنے والے اور بھی بہت سے فرقے ہیں مثلاً مسعود احمد بی ۔ایس۔سی (تکفیری) کی جماعت المسلمین، ڈاکٹر مسعود الدین عثمانی برزخی (تکفیری) کی جماعت جدید خوارج اور موجودہ تکفیری جماعتیں وغیرہ، ان کا بھی وہی حکم ہے جو دوسری بدعتی جماعتوں کا ہے ان کی اقتداء میں نماز جائز نہیں ہے، ان تمام گمراہ فرقوں سے برأت اور علیحدگی ضروری ہے۔

(۸) ختم نبوت پر ڈاکہ

اہل حدیث کو مسجدوں سے نکالنے والوں کا ختم نبوت کے بارے میں عجیب وغریب عقیدہ ہے۔محمد قاسم نانوتوی بانی مدرسہ دیو بند صاحب لکھتے ہیں کہ:

''بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلعم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیتِ محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا'' (تحذیر الناس ص ۳۴)

تنبیہ: اصول حدیث میں یہ مسئلہ مقرر ہے کہ نبی ﷺ پر پورا درود لکھنا چاہئے صرف اشارہ کر دینا (مثلاً ص، صلعم) صحیح نہیں ہے دیکھئے مقدمہ ابن الصلاح مع التقیید والایضاح ص ۲۰۸، ۲۰۹ وغیرہ

قاری محمد طیب دیو بندی نے لکھا ہے کہ:

'' تو یہاں ختم نبوت کا یہ معنی سن لینا کہ نبوت کا دروازہ بند ہو گیا یہ دنیا کو دھوکہ دینا ہے۔نبوت مکمل

ہوگئی وہی کام دے گی قیامت تک، نہ یہ کہ منقطع ہوگئی اور دنیا میں اندھیرا پھیل گیا‘‘

(خطبات حکیم الاسلام ج ۱ص ۳۹)

حالانکہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ:

﴿إن الرسالة والنبوة قدانقطعت﴾

بے شک رسالت اور نبوت منقطع ہوگئی

(سنن الترمذي: ۲۲۷۲ وقال: صحیح غریب)

رہا یہ کہنا کہ ’’اندھیرا پھیل گیا‘‘ تو یہ طیب صاحب کی گپ ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ بلکہ دین اسلام کے ساتھ چاروں طرف روشنی ہی روشنی پھیل گئی ہے اور اب نہ کوئی رسول پیدا ہوگا اور نہ کوئی نبی۔ والحمدللہ

اللہ کے نبی: عیسی بن مریم علیہما السلام کا قیامت سے پہلے بطور نشانی کے، آسمان سے نازل ہونا (کشف الاستار فی زوائد البز ار ۴۲/۴ ح ۳۳۹۶ وسندہ صحیح) اس سے مستثنیٰ ہے۔ عیسی علیہ السلام، رسول اللہ ﷺ سے پہلے بنی اسرائیل میں پیدا ہوئے تھے اور یہی عیسی علیہ السلام آسمان سے دمشق (شام) میں سفید منارے پر نازل ہوں گے۔ نیز دیکھئے میری کتاب ’’ القول الصحیح فیما تواتر فی نزول المسیح‘‘ یاد رہے کہ کسی حدیث میں یہ بالکل نہیں آیا کہ عیسی بن مریم پیدا ہوں گے۔ پیدا ہونے والی بات غیر مسلم قادیانیوں کی گپ ہے جس کا دینِ اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔

(۹) گمراہی کی طرف اعلانیہ دعوت

دلائل مذکورہ اور دیگر دلائل سے یہ بات اظہر من الشّمس ہے کہ دیوبندیت ایک گمراہ فرقہ ہے۔ سلفی علماء نے دیوبندیوں کا بدعتی ہونا دلائل و براھین سے ثابت کیا ہے دیکھئے:

معجم البدع للشيخ رائد بن صبري بن أبي علفة ص ۹۵ والقول البليغ في التحذير من جماعة التبليغ للشيخ حمود التويجري ،وجماعة التبليغ عقيدتها وأفكار مشائخهاالمیان محمد أسلم والسراج المنير في تنبيه جماعة التبليغ على أخطاء هم للشيخ الدكتور

محمد تقي الدين الهلالي المراكشي ونظره عابرة اعتبارية حول الجماعة التبليغية للشيخ سيف الرحمٰن الدهلوي المورد العذب الزلال فيما انتقد على بعض المناهج الدعوية من العقائدوالأعمال للشيخ الإما م أحمد بن يحي بن محمد النجمي ص ٢٤٢ـ٢٥٧ وعليه تقريظ الشيخ صالح بن فوزان الفوزان وتقريظ الشيخ ربيع بن هادي المدخلي الجماعات الاسلامية في ضؤالكتاب والسنة بفهم سلف الأمة ص ٣٣٥ ـ٣٧٦ للشيخ أبي أسامة سليم بن عيد الهلالي ـ

درج ذیل کبار علماء نے دیوبندیوں وغیرہ کی جماعت کو بدعتی اور گمراہ قرار دیا ہے۔

۱۔الشیخ محمد بن ابراہیم آل الشیخ رحمہ اللہ (الجماعات الاسلامیہ ص ۳۷۷والقول البلیغ ص ۲۸۹۔۲۹۰)

۲۔شیخ الاسلام عبدالعزیز بن باز رحمہ اللہ:

"قال في جماعة التبليغ وهى جماعة الديوبندين عندهم خرافات عندهم بعض البدع والشركيات فلا يجوز الخروج معهم إلا إنسان عنده علم يخرج لأن ينكر عليهم ويعلمهم"

(کشف الستار عما تحمله بعض الدعوات من اخطار ص ۵۲)

۳۔محدث العصر امام البانی رحمہ اللہ قال ؛جماعۃ التبلیغ لاتقوم علی منہج کتاب اللہ وسنۃ رسولہ علیہ الصلوۃ والسلام وما کان علیہ سلفنا الصالح (کشف الستار ص ۶۲)

یہ چند حوالے بطور نمونہ لکھے ہیں ورنہ تمام کبار علماء ان دیوبندیوں وتبلیغیوں کی بدعت وگمراہی کی گواہی دیتے ہیں لہذا یہ ثابت ہوا کہ دیوبندی فرقہ بدعتی فرقہ ہے۔دیوبندی حضرات اپنے فرقے کی طرف لوگوں کو تحریراً،تقریراً اور تمام ممکنہ طریقوں سے دعوت دیتے ہیں۔بدعت کی طرف دعوت دینے والے شخص کی روایت اصلاً مردود ہوتی ہے۔ (دیکھئے کتاب المجروحین لابن حبان ج ۳ ص ۶۳،۶۴)

تنبیہ:

زمانہ تدوین حدیث کا وہ راوی جس کی جمہور محدثین کرام نے توثیق کی ہے وہ اس حکم سے مستثنی ہے۔نیز (دیکھئے التنکیل بما فی تأنیب الکوثری من الاباطیل ج ۱ ص ۴۲۔۵۲)

چونکہ دیوبندی حضرات اپنی بدعت کی طرف دعوت دیتے ہیں۔لہذا اُصول حدیث کی رو سے ان کی روایت مردود ہے۔

(۱۰) انکار حدیث

گزشتہ صفحات میں گزر چکا ہے کہ اندھی تقلید کی وجہ سے دیوبندی حضرات (آل دیوبند) حدیث صحیح کا انکار کر دیتے ہیں۔مفتی رشید احمد لدھیانوی نے لکھا ہے کہ:

''رجوع الی الحدیث وظیفۂ مقلد نہیں'' (احسن الفتاوی ج۳ص۵۰)

محمد تقی عثمانی دیوبندی نے تقلید شخصی پر زور دیتے ہوئے لکھا ہے کہ:

'' اور اگر ایسے مقلد کو یہ اختیار دیدیا جائے کہ وہ کوئی حدیث اپنے امام کے مسلک کے خلاف پا کر امام کے مسلک کو چھوڑ سکتا ہے۔تو اس کا نتیجہ شدید افراتفری اور سنگین گمراہی کے سوا کچھ نہیں ہوگا''

(تقلید کی شرعی حیثیت ص ۸۷)

معلوم ہوا کہ دیوبندیوں کے نزدیک مقلد کا صرف یہ کام ہے کہ وہ حدیث کی طرف رجوع نہ کرے بلکہ صرف اپنے مزعوم امام کی طرف ہی رجوع کرے۔ورنہ حدیث پر عمل کرنے کی صورت میں وہ ''گمراہ'' ہو جائے گا(!)

محمود الحسن دیوبندی نے لکھا ہے کہ:''لیکن سوائے امام اور کسی کے قول سے ہم پر حجت قائم کرنا بعید از عقل ہے'' (ایضاح الادلہ ص ۲۷۶ طبع قدیم)

دیوبندیوں کے ہاں تقلید کی اس قدر اہمیت ہے کہ وہ تقلید کو کسی طور پر بھی چھوڑنے کو تیار نہیں ہوتے چاہے قرآن وحدیث کا دامن ہاتھ سے چھوٹ جائے جیسے مدت رضاعت میں وہ قرآنی حکم کے برخلاف ڈھائی سال کے قائل ہیں۔

(۱۱) نماز بھی خلاف سنت:

دیوبندیوں کی نماز سنت کے مخالف ہوتی ہے مثلاً بھول جانے کی صورت میں ان کا امام صرف ایک طرف: دائیں طرف سلام پھیر کر سجدہ سہو کرتا ہے جس کا کوئی ثبوت قرآن، حدیث، اجماع یا آثار

سلف میں نہیں ہے، یہ لوگ نمازیں بھی انتہائی لیٹ کر کے پڑھتے ہیں۔جس کا مشاہدہ ہر دیوبندی مسجد میں کیا جا سکتا ہے۔

سورج کے انتہائی زرد ہو جانے کے بعد یہ عصر کی نماز پڑھتے ہیں۔

ایک صحیح کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر (صحیح العقیدہ) امراء (حکمران) نمازیں لیٹ کر کے پڑھیں تو اپنی نماز اول وقت میں پڑھ لینی چاہیے۔اور اسکے بعد اگر کوئی ان کے ساتھ نماز پائے تو دوبارہ نفل سمجھ کر پڑھ لے۔ (دیکھئے صحیح مسلم کتاب المساجد ح ۶۴۸)

علاوہ ازیں ان کے ائمہ اتنی جلدی اور تیز نمازیں پڑھاتے ہیں کہ الامان والحفیظ رکوع اور سجود میں تعدیل ارکان کا بالکل خیال نہیں رکھا جاتا، بلکہ نماز صرف ایک پریڈ معلوم ہوتی ہے، اور رمضان المبارک میں تراویح میں تو حد ہو جاتی ہے اور قرأت میں **یعلمون تعلمون** کے علاوہ کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔

(۱۲) قرآن وسنت کی غلط تاویلیں اور تحریفات

ہر سلفی العقیدہ آدمی جس کا دیوبندیوں سے ٹکراؤ ہے، اس کا مشاہدہ کرتا ہے کہ یہ لوگ قرآن وسنت کی غلط تاویلیں کرتے ہیں اور تحریفات کے مرتکب ہیں۔مثلاً

آیت:

﴿ **فاسئلو اهل الذکران کنتم لاتعلمون** ﴾

(پس اہل ذکر سے پوچھو اگر تم نہیں جانتے)

سے یہ لوگ مذاہب اربعہ میں سے ایک مذہب کی تقلید کا وجوب ثابت کرتے ہیں حالانکہ اس آیت کریمہ سے سلف صالحین میں سے کسی نے یہ استدلال نہیں کیا۔اور نہ سوال کرنا تقلید کہلاتا ہے بلکہ اس آیت کا واضح مفہوم یہی ہے کہ عدمِ علم کی حالت میں (بغیر تعین مذاہب اربعہ) علماء سے (کتاب وسنت کا) مسئلہ پوچھا جائے۔

دیوبندیوں نے تاویل مذکور کے ساتھ عوام الناس کو صراط مستقیم سے ہٹا رکھا ہے۔

جو شخص یہ سمجھے کہ امام مالک، امام شافعی، امام احمد اور امام ابوحنیفہ میں سے ایک متعین کا قول ہی صحیح ہے۔ اس کی اتباع کرنی چاہیئے دوسرے کی اتباع نہیں کرنی چاہیئے ، ایسے شخص کے بارے میں شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"فمن فعل هذا كان جاهلاً ضالاً ،بل قد يكون كافراً ، فانه متى اعتقد أنه يجب على الناس اتباع واحد بعينه من هو لاء الأئمة دون الإمام الآخر فإنه يجب أن يستتاب فان تاب وإلا قتل ،بل غاية مايقال انه يسوغ أوينبغي أويجب على العامي أن يقلد واحداً لابعينه من غير تعين زيد ولا عمرو ،وأما أن يقول قائل: إنه يجب على العامة تقليد فلان أو فلان فهذا لايقوله مسلم" (مجموع فتاوی ج۲۲ص۲۴۹)

پس جو شخص ایسا کرے وہ جاہل گمراہ ہے بلکہ بعض اوقات کافر ہوجاتا ہے۔ کیونکہ جب وہ یہ عقیدہ رکھے کہ لوگوں پر ان (چار) اماموں میں سے ایک متعین امام کی اتباع واجب ہے دوسرے (کسی) امام کی نہیں تو یہ ضروری ہے کہ اسے توبہ کرائی جائے اگر کرلے تو بہتر ورنہ اسے قتل کر دیا جائے۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ عامی کے لئے زید وعمرو کے تعین کے بغیر کسی ایک غیر متعین کی تقلید (۱) جائز، بہتر یا واجب ہے رہا یہ کہ اگر کوئی آدمی یہ کہے: عوام پر فلاں یا فلاں کی تقلید واجب ہے تو اس کا کوئی مسلمان قائل نہیں ہے

شیخ الاسلام کی اس تحقیق کے سراسر برعکس دیوبندیوں کا یہ نعرہ ہے کہ

(يجب على العامة تقليد أبي حنيفة) عوام پر ابوحنیفہ کی تقلید واجب ہے

محمود الحسن دیوبندی صاحب نے تقلید کا وجوب ثابت کرنے کی کوشش میں قرآن کریم میں تحریف کردی ہے۔ موصوف مذکور اپنے قلم سے لکھتے ہیں کہ:

(۱) تقلید کے بارے میں راجح قول یہی ہے کہ عامی کے لئے بھی تقلید جائز نہیں ہے۔ دیکھئے ص
عامی پر یہ واجب ہے کہ وہ صحیح العقیدہ علماء سے قرآن وحدیث پوچھ کر اس پر عمل کرے۔ قرآن وحدیث پوچھنا اور اس پر عمل کرنا تقلید نہیں کہلاتا بلکہ اتباع واقتداء کہلاتا ہے، دیکھئے ص

یہی وجہ ہے کہ یہ ارشاد ہوا :

" فان تنازعتم فی شيء فردوه الی الله والرسول والی اولی الامرمنکم "

(ایضاح الادلہ ص ۹۷ طبع ۱۳۳۰ھ مطبع قاسمی مدرسہ دیوبند باہتمام حبیب الرحمٰن)

﴿والی اولی الامر منکم﴾ کے اضافے کے ساتھ یہ "آیت" پورے قرآن میں کہیں موجود نہیں ہے یہ اضافہ محمود الحسن دیوبندی صاحب نے تقلید شخصی کو واجب قرار دینے کے لئے گھڑا ہے۔

دیوبندیوں کی اس تحریف کے رد کیلئے دیکھئے الشیخ حمود بن عبداللہ التویجری کی القول البلیغ فی التحذیر من جماعۃ التبلیغ" ص ۱۱۹، ۱۴۰

نیز دیکھئے ہمارے شیخ بدیع الدین الراشدی کی کتاب "الطوام المرعشة في تحريفات أهل الرأى المدهشة"

ان سطور سابقہ سے صاف ظاہر ہے کہ دیوبندی حضرات: اہل بدعت ہیں اور جہمیہ کی طرح ان کی بدعت شدید اور خطرناک ہے لہذا ان کے پیچھے نماز نہیں ہوتی، اہل حدیث: سلفی علماء کی یہی تحقیق ہے۔ ہمارے شیخ بدیع الدین الراشدی رحمہ اللہ نے اس مسئلے پر ایک رسالہ "امام صحیح العقیدہ ہونا چاہئے" لکھا ہے۔ پروفیسر عبداللہ بہاولپوری رحمہ اللہ اور شیخنا ابوالرجال اللہ دتہ السوہدروی الوزیر آبادی رحمہ اللہ بھی اسی کے قائل تھے کہ دیوبندیوں کے پیچھے نماز نہیں ہوتی۔ الشیخ عبداللہ ناصر رحمانی کا بھی یہی موقف ہے۔ جن علماء نے جواز کا فتوی دیا ہے ان تک دیوبندیوں کے عقائد مذکورہ نہیں پہنچے ہیں یا انہیں اس مسئلے پر تحقیق کا موقع نہیں ملا ہے۔

دیگر تفاصیل کے لئے دیکھئے میری کتاب "اکاذیب آل دیوبند"

آج کل دیوبندیوں کے علماء اور عوام عقائد دیوبند پر اس قدر سختی سے عمل پیرا ہوتے ہیں کہ وہ سمجھانے کے باوجود بھی ان باطل عقائد ونظریات کو ترک کرنے کے لئے کسی طور پر تیار نہیں ہوتے بلکہ وہ یہ کہہ کر جان چھڑاتے ہیں کہ علماء نے جو لکھا ہے درست ہی لکھا ہے۔

اثنا عشری جعفری شیعہ حضرات: تحریفِ قرآن، تکفیرِ صحابہ وغیرہما باطل عقائد رکھتے ہیں مگر ان

کے بعض حضرات تقیہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ: ہمارے یہ عقائد نہیں ہیں ۔علمائے اسلام انہیں یہ کہتے ہیں کہ اگر تمہارے یہ عقائد نہیں ہیں تو ان عقائد رکھنے والے فلاں فلاں شخص کی تکفیر کرو۔ وہ اس تکفیر کے لئے کبھی تیار نہیں ہوتے ۔اسی طرح بعض چالاک دیوبندی اپنے اکابر کے مشرکانہ عقائد کے بارے میں تقیہ کرتے ہوئے یہ کہہ دیتے ہیں کہ ہمارے یہ عقائد نہیں ہیں اور ہم صرف قرآن وحدیث ہی مانتے ہیں ۔انہیں علمائے اہل سنت (اہلِ حدیث) کہتے ہیں کہ اگر تم اپنے دعوی میں سچے ہو تو اپنے ان اکابر سے برأت کا اعلان کرو جن کی کتابوں میں یہ عقائد مذکورہ درج ہیں ۔اور ان کے شرک و بدعت کا اعلانیہ اعتراف کرو۔مگر ایسا اعتراف اور اعلانِ برأت وہ کبھی نہیں کرتے بلکہ پکے اکابر پرست ہیں لہذا جب تک وہ اپنے ان اکابر سے صریح برأت نہ کریں ان کا وہی حکم ہے جو ان کے اکابر کا ہے۔

تنبیہ:

بعض شر پسند لوگ ،اہل حدیث سلفیوں کے خلاف وحید الزمان حیدر آبادی ،نواب صدیق حسن خان اور نواب نورالحسن وغیرھم کے حوالے پیش کرتے ہیں۔حالانکہ ماسٹر امین اوکاڑوی دیوبندی صاحب اعلانیہ لکھتے ہیں کہ:

’’کیونکہ نواب صدیق حسن خان ،میاں نذیر حسین ،نواب وحید الزمان ،میر نورالحسن ،مولوی محمد حسین اور مولوی ثناء اللہ وغیرہ نے جو کتابیں لکھی ہیں اگر چہ وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے قرآن وحدیث کے مسائل لکھے ہیں لیکن غیر مقلدین کے تمام فرقوں کے علماء اور عوام بالاتفاق ان کتابوں کو غلط قرار دے کر مسترد کر چکے ہیں بلکہ برملا تقریروں میں کہتے ہیں کہ ان کتابوں کو آگ لگا دو‘‘

(مجموعہ رسائل ج ا ص ۲۲ تحقیق مسئلہ تقلید ص ۶)

جب تمام اہل حدیث علماء وعوام نے ان کتابوں کو رد کر دیا ہے تو ان کتابوں کے حوالے اہل حدیث کے خلاف پیش کرنا باطل بلکہ ابطل الاباطیل ہے۔

محمد عبدالحلیم چشتی کی کتاب ’’حیات وحید الزمان‘‘ کی ایک عبارت کا یہ خلاصہ ہے کہ اہل حدیث کا

ایک بڑا گروہ مثلاً محدث شمس الحق عظیم آبادی، محمد حسین لاہوری، عبداللہ غازی پوری، فقیر اللہ پنجابی وغیرھم وحید الزمان حیدر آبادی سے ناراض اور بددل ہو گئے تھے۔ (دیکھئے ص ۱۰۱)

اہل حدیث کے نزدیک قرآن، حدیث اور اجماع حجت ہے اور مسائل کو سلف صالحین کے فہم کی روشنی میں سمجھنا اور ماننا چاہیئے۔ اہل حدیث کے خلاف صرف وہی بات پیش کی جاسکتی ہے جو

(۱) کتاب وسنت واجماع اور فہم سلف صالحین کے خلاف نہ ہو

(۲) جس پر تمام اہلِ حدیث کا اجماع ہو۔ بعض اشخاص کی شاذ آراء نہ ہوں

وما علینا الا البلاغ

حافظ زبیر علی زئی

۲۲ محرم ۱۴۲۵ھ

مصنف کی دیگر تصانیف

اردو تصانیف

۱: نور العینین فی اثبات رفع الیدین (مطبوع)

۲: القول الصحیح فیما تواتر فی نزول المسیح (مطبوع)

۳: تخریج نماز نبوی ﷺ (مطبوع)

۴: تسهیل الوصول فی تخریج احادیث صلوۃ الرسول ﷺ (مطبوع)

۵: نور القمرین: حدیث اور اہل کے ایک باب کا مکمل جواب (مطبوع)

۶: الکواکب الدریہ فی وجوب الفاتحۃ خلف الإمام فی الجہریۃ (مطبوع)

۷: جنت کا راستہ (مطبوع)

۸: ھدیۃ المسلمین: چالیس حدیثیں (مطبوع)

۹: تعداد رکعات قیام رمضان کا تحقیقی جائزہ (مطبوع)

۱۰: نور المصابیح: تراویح (مطبوع)

۱۱: تخریج ریاض الصالحین (مطبوع)

۱۲: تخریج فتاویٰ اسلامیہ (۲، ۳، ۴ مجلدات) (مطبوع)

۱۳: تخریج احادیث: الرسول کا نک تراہ (مطبوع)

۱۴: البوراق المرسلۃ علی ظلمات البصرۃ

۱۵: ماسٹر امین اوکاڑوی کا تعاقب

۱۶: اکاذیب آل دیوبند

۱۷: القول المتین فی الجہر بالتامین (مطبوع)

۱۸: سوال وجواب ماہنامہ ''شہادت'' اسلام آباد

۱۹: نصر المعبود فی الرد علی سلطان محمود (زیر طبع)

سلطان محمود حضرو کے علاقے کا بریلوی مولوی ہے، اس میں فقہ حنفی کے غلط مسائل کا رد کیا گیا ہے کہ مسائل قرآن وحدیث، اجماع اور خلفاء راشدین کے خلاف ہیں۔

۲۰: السنن والمبتدعات: ترجمہ از عربی کتاب عمر عبدالمنعم

۲۱: تلخیص الأحادیث المتواترۃ مع الشرح

۲۲: عصر حاضر کے چند کذابین کا تذکرہ

۲۳: التاسیس فی مسئلۃ التدلیس

۲۴: ترجمہ الأنوار فی شمائل النبي المختار للبغوی (زیر طبع)

۲۵: جزء القرأت للبخاري: تحقیق وترجمہ (زیر طبع)

۲۶: ترجمہ جزء رفع الیدین للبخاري رحمہ اللہ (مطبوع)

نوٹ: ان دونوں کتابوں میں امین اوکاڑوی دیوبندی کے اعتراضات کے بھی جوابات دئے گئے ہیں۔

۲۷: ترجمہ شعار اصحاب الحدیث للحاکم

۲۸: اثبات التعدیل فی توثیق مؤمل بن اسماعیل (زیر طبع)

۲۹: نصر الرب فی توثیق سماک بن حرب (زیر طبع)

۳۰: الیاقوت والمرجان فی توثیق أبی عمر زاذان (زیر طبع)

۳۱: اثبات عذاب القبر، ترجمہ وحواشی (زیر طبع)

نوٹ: ان کے علاوہ الاعتصام، اہل حدیث، الاسلام، محدث اور شہادت وغیرہ رسائل میں بہت سے مضامین چھپ چکے ہیں۔

عربی تصانیف

۱: **تحقیق و تخریج احادیث مسند الحمیدی** (قلمی مجلدان)

ساتویں صدی ہجری کے دو قلمی نسخوں کو بنیاد بنا کر تحقیق تخریج احادیث اور حکم لگایا گیا ہے۔ حبیب الرحمٰن اعظمی دیوبندی کے نسخہ دیوبندیہ مطبوعہ کی چار سو (۴۰۰) غلطیوں کی نشان دہی دیگر کتب احادیث سے امام حمیدی کی مرویات کی تخریج، فقہی وحدیثی فوائد

۲: **نيل المقصود في التعليق على سنن أبي داود و تخريج الأحاديث** (۳ جلدیں) متن کی تصحیح وتحقیق احادیث کی تخریج وتحقیق وحکم بلحاظ صحت وضعف، لغوی شرح، فقہی فوائد، فرق ضالہ پر رد، مرویات ابی داود عن طریق ابی داود کی تخریج

۳: **تسهيل الحاجة في تخريج أحاديث سنن ابن ماجه** (۱ جلد)

۴: **عمدة المساعي تخريج المجتبى للنسائي الصغرى** (۳ جلدیں)

الکبریٰ کے ساتھ مقارنہ

۵: **تخريج سنن الترمذى**

فی الباب کی روایات کو بھی تخریج کیا گیا ہے، تخریج شمائل ترمذی، تخریج کتاب العلل

۶: **تخريج النهاية في الفتن والملاحم ، مطول** (مجلد)

۷: **تخريج كتاب الجهاد لابن تيميه** (مجلد)

۸: **العقد التمام فى تخريج سيرت ابن هشام** (مجلد)

۹: **تحفة العلماء فى تخريج كتاب الضعفاء للبخارى** (مجلد)

بہترین قلمی نسخہ سے تحقیق وتخریج اور راویوں پر حکم بلحاظ جرح وتعدیل مطبوعہ نسخہ کے ساتھ مقارنہ۔ اقوال بخاری کی تخریج، قلمی نسخہ میں ایسے بہت سے راوی ہیں جو کہ مطبوعہ میں موجود نہیں۔

۱۰: تخریج أحادیث منهاج المسلم للجزائري (مجلد)

۱۱: السراج المنبر في تخریج الاحادیث والآثار تفسیر ابن کثیر (۳ جلدیں نامکمل)

۱۲: الأسانید الصحیحة في أخبار الإمام أبي حنیفة

پسند فرمودہ استاد محترم مولانا ابومحمد بدیع الدین الراشدی السندھی رحمہ اللہ

۱۳: تحقیق و تخریج أحادیث : اثبات عذاب القبر للبیهقي (ازمخطوطہ، مجلد)

مقدمہ از قلم استاد محترم مولانا ابوالقاسم محبّ اللہ شاہ الراشدی السندھی رحمہ اللہ

۱۴: تلخیص کامل ابن عدي (مجلد)

۱۵: کلام الدارقطني في أسماء الرجال في سننه (مجلد)

۱۶: تحقیق و تخریج جزء علي بن محمد الحمیري (جزء مطبوع)

۱۷: تخریج و تحقیق موطا إمام مالک

۱۸: تخریج و تحقیق بلوغ المرام

۱۹: أضواء المصابیح تخریج و تحقیق مشکوٰة المصابیح

۲۰: صحاح سته کامل في مجلد تصحیح نسخه سنن أبي داود و سنن ابن ماجه (مطبوع)

۲۱: في ظلال السنة ، سلسلة في سیاحة الأمة إسلام آباد

۲۲: أنوار الصحیفة في الأحادیث الضعیفة من السنن الأربعة مع الأدلة

۲۳: أنوار السبیل في میزان الجرح والتعدیل

۲۴: تخریج الأنوار في شمائل النبي المختار

۲۵: تحقیق مسائل محمد بن عثمان بن أبي شیبة (ازمخطوطہ)

۲۶: أنوار السنن في تحقیق آثار السنن

اس تحقیق میں نیموی کی آثار السنن کی مستدل روایات کا ضعف اسماء الرجال اور اصول حدیث سے ثابت کیا گیا ہے اور ان کے مقابلے میں صحیح روایات پیش کی گئی ہیں۔ آثار السنن کے جواب میں یہ کتاب جامع واز حد مفید ہے۔

۲۷: **تخريج الأربعين لشيخ الإسلام ابن تيميه رحمه الله**

۲۸: **تخريج شعار أصحاب الحديث لأبي أحمد الحاكم رحمه الله**

۲۹: **تحقيق جزء رفع اليدين للبخارى** (از مخطوطہ)

۳۰: **التقبيل والمعانقة، لابن الأعرابي** (تحقیق وتخریج)

فهارس

احاديث و آثار

اسماء الرجال

کتابیات

مصنف کی چند اہم دیگر کتب

جزء رفع الیدین

بمع مکتبہ ظاہریہ کا قلمی نسخہ

- روایات کی مکمل تحقیق وتخریج مع ضروری حواشی
- راویانِ نسخہ کا مکمل تعارف
- ماسٹر امین اکاڑوی کے اعتراضات کا مدلل جواب
- کتاب کے آخر میں اطراف الحدیث اور راویانِ حدیث کی فہرست

نور العینین فی اثبات رفع الیدین

مسئلہ رفع الیدین پر منفرد اور تحقیقی کتاب

- مانعین رفع الیدین کی پیش کردہ روایات کا محدثین کے اصول کی روشنی میں رد
- حدیث اور اہل حدیث میں پیش کردہ شبہات کا ازالہ

جزء القراءت خلف الإمام

جس کا اردو ترجمہ فضیلۃ الشیخ حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ نے کیا ہے

- تخریج تحقیق اور مفید فوائد سے مزین
- غیر اہل حدیث کے اعتراضات کے مسکت جوابات
- متعدد نسخوں اور کتب احادیث سے عربی متن کی تصحیح

القول المتین فی الجہر بالتامین

آمین بالجہر کے موضوع پر نہایت منفرد اور تحقیقی کتاب

غیر اہل حدیث کی "حدیث اور اہل حدیث" نامی کتاب کے "اخفاء التامین" کا غیر اہل حدیث کی ہی کتب سے مکمل جواب